مشترکہ کاروبار کے لیے قانونی معاہدہ کا طریقہء کار

بحوالہ

قانونِ شراکت داری 1932ء

یہ معلوماتی مواد عام فہم اردو زبان میں عوام کی رہنمائی کیلئے وزارت قانونؑ انصاف
اور انسانی حقوق کے انصاف تک رسائی کے پروگرام کے تحت تیار کیا گیا ہے۔
اس مواد کی تیاری کیلئے تکنیکی معاونت سی آر سی پی نے فراہم کی ہے۔

مشترکہ کاروبار کے لیے قانونی معاہدہ کا طریقہ کار

سوال 1۔ مشترکہ کاروبار سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ مشترکہ کاروبار سے مراد دو یا دو سے زیادہ افراد کے درمیان ایسا کاروباری تعلق ہے جس کے تحت وہ شراکتی کاروبار کا نفع وصول کرنے پر متفق ہوتے ہیں۔ کاروبار شراکت کو تمام شراکت دار مل کر یا ان میں سے کوئی ایک نامزد کردہ شخص چلاتا ہے۔

سوال 2۔ شراکت (فرم) کی رجسٹریشن کے لئے درخواست کس قانون کے تحت دی جاتی ہے؟

جواب۔ شراکت (فرم) کی رجسٹریشن کے لئے درخواست قانونِ شراکت داری 1932ء کی دفعہ 58 کے تحت دی جاتی ہے۔

سوال 3۔ درخواست پر کن چیزوں کا درج کرنا ضروری ہے؟

جواب۔ درخواست پر مندرجہ ذیل چیزوں کا درج کرنا ضروری ہے:

(1) فرم کا نام۔

(2) فرم کا پتہ جہاں پر وہ کاروبار کر رہی ہے۔

(3) دوسری جگہوں کا نام جہاں پر فرم اپنے کاروباری منصوبے شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(4) حصہ داروں کی فرم میں شمولیت کی تاریخ۔

(5) تمام حصہ داروں کے نام اور مکمل پتے۔

(6) اس بات کی وضاحت کہ فرم کتنی مدت کے لئے بنائی گئی ہے۔

اس درخواست پر تمام حصہ داروں کی طرف سے دستخط کئے جاتے ہیں یا حصہ داروں کی طرف سے نامزد کردہ نمائندے دستخط کر سکتے ہیں۔

سوال 4۔ شراکت (فرم) کی رجسٹریشن کے لئے درخواست کس کو دی جاتی ہے؟

جواب۔ شراکت (فرم) کی رجسٹریشن کی درخواست کسی بھی وقت مہیا کردہ فارم کو پُر کر کے بذریعہ ڈاک یا علاقے کے رجسٹرار کے پاس جہاں پر فرم کا کاروبار/ دفتر یا فرم کے شروع کرنے کا منصوبہ ہو، جمع کرائی جاتی ہے۔ اس تمام عمل کے لئے رجسٹریشن کی فیس کا ادا کیا جانا ضروری ہے۔

سوال 5۔ شراکت (فرم) کا نام رکھنے کے متعلق کون سی باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

جواب۔ شراکت (فرم) ایسے نام مثلاً 'گورنمنٹ' 'جناح' 'قائداعظم' یا کوئی ایسا لفظ جس سے ایسا مفہوم لیا جا سکتا ہو کہ فرم وفاقی یا صوبائی حکومت کی طرف سے منظور شدہ ہے، نہیں رکھ سکتی لیکن اگر حکومت نے اپنی طرف سے کوئی ایسی اجازت کسی فرم کو دی ہو تو ایسا نام استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ کوئی بھی فرم ایسا نام استعمال نہیں کرے گی جس کے استعمال پر صوبائی حکومت نے سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے کسی قسم کی ناپسندیدگی ظاہر کی ہو۔

سوال6۔ کیا شراکت (فرم) اقوام متحدہ یا اس کے ذیلی اداروں کا نام استعمال کرسکتی ہے؟

جواب۔ کوئی بھی شراکت (فرم) اقوام متحدہ' اس کے مخفف یا اس کے ذیلی اداروں کا نام اس وقت تک استعمال نہیں کرسکتی جب تک کہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی طرف سے تحریری اجازت نامہ جاری نہ کیا گیا ہو۔ اس کے علاوہ کوئی بھی فرم ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO) یا اس کے مخفف کو بھی اس وقت تک استعمال نہیں کرسکتی جب تک کہ اس کے ڈائریکٹر جنرل کی طرف سے تحریری اجازت نامہ جاری نہ کیا گیا ہو۔

سوال7۔ شراکت (فرم) کی رجسٹریشن کس طرح ثابت کی جاسکتی ہے؟

جواب۔ کسی بھی فرم کے رجسٹرڈ ہونے کا ثبوت رجسٹریشن سرٹیفکیٹ ہوتا ہے جو رجسٹرار درخواست فارم کی جانچ پڑتال کے بعد جاری کرتا ہے۔

سوال8۔ مشترکہ کاروبار کے لیے قانونی معاہدہ کے طریقہء کار سے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں؟

جواب۔ درج ذیل ذرائع سے بھی مشترکہ کاروبار کے لیے قانونی معاہدہ کے طریقہء کار سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں:

(1) قانون و انصاف کمیشن' حکومت پاکستان' سپریم کورٹ بلڈنگ' اسلام آباد' فون نمبر 051-9220483۔ فیکس نمبر 051-9214416' ای میل ljcp@ljcp.gov.pk' ویب سائٹ www.ljcp.gov.pk۔

(2) کنزیومر رائٹس کمیشن آف پاکستان (سی آر سی پی) پوسٹ بکس نمبر 1379 اسلام آباد' فون نمبر 739-739-111' ای میل main@crcp.org.pk۔

(3) ضلع اور تحصیل کچہری میں موجود دفتر معلومات۔

(4) قانونِ شراکت داری 1932ئ۔